باسمہ سبحانہ

دستور العمل انجمن معین التعمیر

جناب قاضی نور اللہ شستری شہید ثالث علیہ الرحمہ

آگرہ

سنہ ۱۹۳۲ء

باہتمام کیسر داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

مطبع منشی نولکشور لکھنؤ

میں چھپا

قواعد و ضوابط انجمن معین التعمیر مزار شہید ثالث علیہ الرحمہ آگرہ

(منعقدہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء بمقام کیمپ جلسۂ یادگار شہید ثالثؒ)

۱ - نام

دفعہ ۱ - اس انجمن کا نام انجمن معین التعمیر ہوگا -

۲ - اغراض و مقاصد

دفعہ ۲ - اغراض و مقاصد اس انجمن کے حسب ذیل ہین:-

(الف) مزار اقدس جناب شہید ثالث علیہ الرحمہ کے متعلق درس گاہ دینی و دنیوی قائم کرنا -

(ب) زائرین مزار اقدس کی آسائش و آرام و قیام کے لئے عمارت بنوانے مین سعی و کوشش کرنا -

(ج) قبور شیعیان کے لئے آراضی کا انتظام کرنا -

(د) کتب خانہ و عمارت کتب خانہ متعلق مزار اقدس قائم کرنا۔

(ہ) قوم شیعہ کیلئے ایسے ذرائع فراہم کرنا جن سے انکو تعلیم مین امداد پہونچے اور

حسب ضرورت صنعت و حرفت کی ترقی کے اسباب مہیا کرنا۔

(و) اغراض و مقاصد مذکورہ بالا کیلئے آراضیات قرب جوار مزار اقدس

کو خرید کرنا یا دیگر ذرائع سے حاصل کرنا اور سرمایہ جائیداد کیلئے جمع کرنا

۳۔ ممبری

دفعہ ۳۔ ہر شیعہ اثنا عشری اس انجمن کا ممبر ہوسکتا ہے بشرطیکہ وہ چندہ ادا کرے

لیکن ایسے حضرات کو کسی معاملہ انجمن معین التعمیر مین راے دینے کا حق

حاصل نہین ہوگا الا اُس صورت مین کہ تعداد زر چندہ سو یا سو روپیہ

سے زائد ہو۔

۴۔ عہدہ داران

دفعہ ۴۔ اس انجمن کا ایک مستقل صدر نشین و ایک سکریٹری و ایک خزانچی

رہیگا۔ (نوٹ) موجودہ عہدہ داران جنکا انتخاب کمیٹی منعقدہ۔

۲۶۔ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء مین کیا گیا ہے حسب ذیل ہین:۔

(۱) جناب نواب احسان علیخان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ پنجاب۔ صدر

(۲) ۔جناب خانصاحب سید سجاد حسین صاحب سکریٹری

(۳) ۔جناب حاجی سید موسی رضا صاحب خزانچی

دفعہ ۵ عہدہ داران انجمن کا انتخاب اُس صورت مین ہوگا جب وہ خود عہدہ داری سے مستعفی ہون یا کسی وجہ سے بکثرت رائے ممبران انجمن و باتفاق سرپرست یا سرپرستان انجمن اُنکا علیٰحدہ کیا جانا ضروری ہو۔

دفعہ ۶۔ درصورت خالی ہونے کسی عہدہ کے جدید عہدہ دار کا انتخاب کثرت رائے انتظامیہ کمیٹی سے عمل مین آئیگا۔

۵۔ مربی انجمن

ایکہزار یا اُس سے زائد چندہ دینے والے مربیان انجمن ہونگے۔

۶۔ سرپرست انجمن

دفعہ ۷۔ سرپرست انجمن ہمیشہ علماے کرام مین سے ہوا کرینگے۔

دفعہ ۸ - سرپرست انجمن باتفاق رائے جملہ ممبران انتظامیہ کمیٹی مقرر ہو سکینگے -

دفعہ ۹ - سرپرست انجمن یا اگر ایک سے زیادہ سرپرستان ہوں تو جملہ سرپرستان
کو باکثرت رائے باہمی اختیار ہوگا کہ کسی کارروائی انجمن کو منسوخ کردیں -

۷ - کمیٹی انتظامیہ

دفعہ ۱۰ - کمیٹی انتظامیہ علاوہ اُن حضرات کے جو سو روپیہ یا زائد عنایت
کرینگے اس انجمن کے ۱۲ ممبران کی ہوگی جسمیں عہدہ داران و
سرپرست ہائے انجمن باعتبار اپنے منصب کے شامل ہونگے -

۸ - کمیٹی کارکن

دفعہ ۱۱ - انتظامیہ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ ایک کمیٹی کارکن منتخب کرے
جسکی تعداد ۱۲ حضرات کی ہوگی -

دفعہ ۱۲ - جملہ انتظامات متعلق انجمن اس کمیٹی کارکن کے ہاتھ میں ہونگے اور اسکے
فیصلہ جات قابل پابندی ہونگے -

دفعہ ۱۳ - اگر کوئی اہم معاملہ کثرت رائے ممبران کمیٹی کارکن سے ایسا قرار

پاوے جس مین کمیٹی انتظامیہ کی راے کی ضرورت ہو تو وہ اُس کے جلسہ مین پیش ہوگا۔

دفعہ ۱۴۔ کمیٹی انتظامیہ کا انتخاب ہر سال جلسہ عام مین ہوا کرے گا۔

۹۔ قواعد متعلق عہدہ داران

دفعہ ۱۵۔ اگر کسی جلسہ انجمن مین مستقل صدر موجود نہون گے تو موجودہ سرپرستان انجمن یا ممبران حاضرین مین سے کسی کو صدر منتخب کر لیا جایا کرے گا۔

دفعہ ۱۶۔ سکریٹری و خزانچی ایک ایک حساب آمدنی چندہ وغیرہ و اخراجات کا رکھین گے جن کے نمونہ یکسان ہون گے۔

دفعہ ۱۷۔ انجمن کا روپیہ امپیریل بنک آگرہ کی کسی شاخ مین جمع رہیگا۔

دفعہ ۱۸۔ جو روپیہ چندہ مین یا دیگر طریقہ پر انجمن کے ہاتھ مین آویگا اُسکی رسید باقاعدہ خزانچی و سکریٹری کی دستخطی روپیہ دینے والے کو دیجاویگی۔

دفعہ ۱۹۔ جس قدر روپیہ وقتاً فوقتاً بنک سے نکالا جاویگا وہ سکریٹری اور

ایک ممبر کی دستخطی واوچر کے ذریعہ سے خزانچی چک کے ذریعہ سے بنک سے برآمد کریگا اور جسکے حوالہ کریگا اُسکی رسید حاصل کریگا۔

دفعہ ۲۰۔ اگر کام زیادہ دیکھا جاویگا تو نائب عہدہ داران کا تقرر کمیٹی انتظامیہ کرسکے گی۔

۱۰ جلسہ عام و کمیٹی انتظامیہ

دفعہ ۲۱۔ سیکریٹری ہر ماہ مین ایکمرتبہ کمیٹی کارکن کا جلسہ طلب کریگا اور ایکمرتبہ سال مین جلسہ سالانہ انتظامیہ کمیٹی کا جہانتک ممکن ہوگا جلسہ سالانہ مزار کے زمانہ مین ہوا کریگا۔

دفعہ ۲۲۔ اگر کوئی خاص ضرورت غیر معمولی جلسہ انتظامیہ کمیٹی کی پائی جاوے تو بمنظوری صدر انجمن یا سرپرست انجمن یا دس یا اس سے زائد ممبران انتظامیہ کمیٹی کی استدعا پر جلسہ ہوسکے گا۔

دفعہ ۲۳۔ کورم جلسہ انتظامیہ کمیٹی کا ایک ثلث تعداد ممبران کمیٹی مذکورہ اور کورم جلسہ کارکن کمیٹی کا ۵۔ ممبران سے ہوگا۔

۱۱۔ حساب و کتاب

دفعہ ۴۴۔ ہر ممبر انجمن کو اختیار ہوگا کہ وہ دفتر سکرٹیری یا خزانچی میں حسابات کی جانچ کرے۔

دفعہ ۴۵۔ آمدنی و خرچ کا سالانہ گوشوارہ تیار ہوا کریگا اور وہ بغرض اطلاع عام اخبارات میں یا جس دیگر طریقہ سے کمیٹی کا کن چاہے مشتہر ہوگا اور سالانہ جلسہ پر عام ممبران کو دکھایا اور سنایا جاویگا۔

دفعہ ۴۶۔ انتظامیہ کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ وہ جس وقت چاہے بغرض جانچ حساب و ترتیب رپورٹ کے ایک یا ایک سے زیادہ ممبران کو آڈیٹر مقرر کرے یا اگر ضرورت دیکھی جاوے تو ایسے شخص یا اشخاص کو نامزد بطور آڈیٹر کے کر دے جو سالانہ گوشوارہ تیار کیا کریں اور اپنی رپورٹ کے ساتھ اُس کو بغرض منظوری پیش کیا کریں۔

دفعہ ۴۷۔ اس انجمن کا کوئی تعلق انجمن معین الزائرین یا انجمن نظام التعمیر سے نہ

نقل مطابق جناب صدر انجمن۔ قواعد و ضوابط منظور شدہ کمیٹی ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۰۲ء چھپوا دیے جاویں

بندہ حسان۔ محمد [illegible]